ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (05

02-01-2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکاران تعینات کیے گئے تھے، چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

بہاول پور: پولیس افسران اور جوان مسیحی عبادت گاہوں پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((06

02-12-2021

بہاول پور() پولیس تھانہ صدر احمد پور شرقیہ کی کامیاب کارروائی،مویشی چوری مقدمات میں ملوث طارق گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار، 08 لاکھ روپے کا مال مسروقہ اورزیرسواری کار بھی برآمد،ملزمان سے مزید اینٹروگیشن جاری،دوران واردات میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ بھی برآمد،دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور جرائم پر قابو پانا ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی "عوام خدمت پالیسی " کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی قیادت اور کامیاب پولیسنگ کے تحت نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے،تھانہ صدراحمد پورشرقیہ پولیس کی کامیاب کارروائی،ایس ایچ اوتھانہ صدراحمد پورشرقیہ کی سربراہی میں تفتیشی افسران معہ ملازمان پر مشتمل ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لیتے ہوئے شب روز کی محنت سے مویشی چوری کے متعدد مقدمات میں ملوث طارق گینگ کے سرغنہ کو 03 ساتھیوں سمیت گرفتارکرلیا،گرفتار ملزمان میں طارق ، خالد اور پرویز شامل ہیں۔ملزمان نے دوران اینٹروگیشن تھانہ صدر احمد پور شرقیہ میں مویشی چوری کے متعدد مقدمات میں ملوث ہونے کا اعتراف بھی کیا،جبکہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ 02 پسٹل 30 بور بھی برآمد کرکے الگ الگ مقدمات درج کرلیے۔ملزمان سے مزید اینٹروگیشن جاری ہے اوراہم انکشافات متوقع ہیں،ملزمان کی نشاندہی پر زیرسواری کار سمیت 08 لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد کرلیا، بازیافتہ مال مسروقہ کو قانونی طریقہ کار کے بعد اصل مالکان کے حوالے کردیا گیا،ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ بلاشبہ تھانہ صدراحمد پورشرقیہ پولیس کی یہ ایک اہم کارروائی ہے، بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کررہی ہے،اگرکوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو اس کو ٹریس کرنا اور شہریوں کا لوٹا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک اہم ٹاسک ہوتا ہے جس کو تھانہ صدراحمد پور شرقیہ پولیس نے بخوبی نبھایا ہے،ڈی پی او نے صدراحمد پورشرقیہ پولیس کی کارکردگی کو سراہا اور مستقبل میں بھی ایسی کارروائیاں کرنے کے لیے ضلع بہاول پور کے تمام ایس ایچ اوز کو ٹاسک دے دئے ہیں۔

جام محمد ساجد
ترجمان پولیس

بہاول پور: تھانہ صدر احمد پور شرقیہ پولیس کی کارروائی مویشی چور گینگ گرفتار برآمد مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے۔